طرف رہنمائی کرنے والے تمام نشانات کو مٹا ڈالا تھا۔ ان میں سے بیشتر دلائل ایسے ہیں جن سے اس سے پہلے استدلال نہیں کیا گیا۔ اس طرح ابوالانبیا، حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شخصیت اور تاریخ انبیا میں ان کا اور ان کی اولاد کے مقام کی حقیقی صورت آئینہ ہوگئی ہے۔

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن بہت پہلے شائع ہوا تھا۔ عرصہ سے یہ کتاب نایاب تھی۔ دائرہ حمیدیہ نے اسے بالکل نئی شکل میں دوبارہ شائع کیا ہے۔ جدید ایڈیشن میں حوالہ جات کی نشاندہی کے ساتھ ڈاکٹر محمد اجمل اصلاحی کے قلم سے کتاب کا جامع تعارف بھی ہے۔

حقیقت رجم کتاب وسنّت کی روشنی میں

تصنیف: محمد عنایت اللہ اسد سبحانی

ناشر: ادارہ احیائے دین، بلریا گنج، اعظم گڑھ

طبع اول (بدون تاریخ) صفحات: ۳۰۰، قیمت ۳۵ روپے

اسلامی شریعت میں حد زنا کیا ہے اور کیا اس سلسلہ میں شادی شدہ اور غیر شادی شدہ مرتکبین زنا کی سزاؤں میں فرق ہے اور اگر فرق ہے تو کیا؟ یہ مسئلہ بڑے اختلاف آرا کا موضوع رہا ہے۔ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ شریعت میں حد زنا غیر شادی شدہ کے لئے سو کوڑے اور شادی شدہ کے لئے رجم ہے۔ مصنف کو اس خیال سے اتفاق نہیں ہے۔ ان کی تحقیقات کا خلاصہ یہ ہے کہ اسلام میں شادی شدہ اور غیر شادی شدہ زانیوں کی سزا میں کوئی فرق نہیں رکھا گیا ہے اور دونوں ہی حالتوں میں حد زنا سو کوڑے ہیں نہ کہ رجم۔ البتہ اگر کوئی شخص عادی مجرم بن جائے اور اس کی اصلاح کی امید باقی نہ رہے تو اس کے اوپر حد رجم نافذ کی جائے گی۔

کتاب نو فصلوں پر مشتمل ہے۔ ابتدائی چار فصلوں میں مصنف نے قرآن، واقعات زنا، اقوال و آثار اور روایات کی روشنی میں حد زنا پر تفصیل سے بحث کی ہے۔ پانچویں فصل میں واقعات رجم کا تجزیہ کیا گیا ہے چھٹی فصل رجم کے مفہوم و ماخذ سے بحث

کرتی ہے۔ ساتویں فصل میں ان فقہا اور محدثین کا موقف بیان کیا گیا ہے۔ جو حد زنا کے عام تصور سے اتفاق نہیں کرتے۔ آٹھویں فصل میں اس غلطی کے اسباب وعلل سے بحث کی گئی ہے اور نویں فصل میں اس غلطی کے انجام، خلاصہ بحث اور حرفِ آخر کے علاوہ ان علما کے اسما پر مشتمل ہے جو حد زنا کی اس کتاب میں بیان کردہ تعبیر سے اتفاق کرتے ہیں۔

تجلیاتِ قرآن

تالیف: شیخ محمد علی الصابونی (اردو ترجمہ: عبدالقدوس القاسمی نیر النوی)

ناشر: مرکز المعارف، ہوجائی، آسام

سنِ اشاعت: ۱۹۹۴ء، صفحات: ۵۳۸، قیمت: ۱۰۰ روپے

"تجلیات قرآن"، شیخ محمد علی الصابونی کی عربی تالیف "قبس من نور القرآن الکریم" کا اردو ترجمہ ہے۔ یہ کتاب قرآنِ کریم کے ارشادات و ہدایات اور قرآنی سورتوں کے تحقیقی جائزہ پر مشتمل ہے۔ اس میں سورتوں کے اغراض ومقاصد کی وضاحت کے ساتھ ان میں بیان کئے گئے مسائل واحکام اور آدابِ زندگی کی مفصل انداز میں تشریح پیش کی گئی ہے۔ ترجمہ کی زبان آسان اور اسلوب عام فہم ہے۔ اس کتاب کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ اس میں ہر آیت کو ایک عنوان کے تحت ذکر کیا گیا ہے اور عنوان پر نظر پڑتے ہی آیت کی غرض وغایت کی طرف ذہن فوراً منتقل ہو جاتا ہے۔ عبدالقدوس القاسمی نیر النوی نے اس کتاب کو اردو قالب میں ڈھال کر ایک مفید خدمت انجام دی ہے۔ اساتذہ، طلبہ و عام لوگ سب کے لئے یہ کتاب یکساں طور پر مفید ہے۔

قرآنیات پر نئے مضامین

علم تفسیر کی اہمیت اور تفسیر ایجاز البیان کا ایک نادر مخطوطہ، حکیم سید محمد، معارف ۱۵۲/۲، اگست ۹۳ء ص ۱۲۵-۱۳۲

اقبال کے کلام کی قرآنی تلمیحات کے اشارے، محمد بدیع الزماں، معارف ۱۵۳/۱ جنوری ۹۴ء، ص ۲۶-۴۴